پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

نرسنگ میگزین کے اجراء سے میڈیکل ایجوکیشن میں نئے باب کا اضافہ ہوگا : کوثر پروین

ڈی جی نرسنگ کا پرنسپل جنرل ہسپتال کو میڈیکل جرنل کے اجراء میں ذاتی دلچسپی پر خراج تحسین

نرسز طب کی دنیا میں ہونے والی نت نئی تبدیلیوں سے گھر بیٹھے استفادہ حاصل کر سکیں گی

نرسنگ کمیونٹی ڈپلومہ تک محدود تھی اب پوسٹ آر این ایم، ایس سی اور پی ایچ ڈی کرنے کا موقع ہاتھ سے نہیں گنواتیں

نرسیں دکھی انسانیت کی خدمت کا فریضہ سرانجام دینے اور مریضوں میں جینے کی امنگ پیدا کرتی ہیں: کنٹرولر نرسنگ پنجاب

وہ وقت دور نہیں جب پاکستان کی تعلیم یافتہ نرسیں دنیا بھر میں اپنا پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا سکہ منوائیں گی: ساجدہ ظہور

لاہور 17 جنوری:۔۔۔۔ڈائریکٹر جنرل نرسنگ پنجاب کوثر پروین نے کہا ہے کہ نرسز کیلئے میگزین کے اجراء سے میڈیکل ایجوکیشن میں نئے باب کا اضافہ ہوگا جس سے نرسنگ کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والی طالبات جدید تکنیک اور طبی دنیا میں ہونے والی نت نئی تبدیلیوں، تحقیق اور سینئر پروفیسرز و نرسنگ آفیسرز کے تجربات سے گھر بیٹھے بھی استفادہ حاصل کر سکیں گی۔

ڈی جی نرسنگ نے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری سطح پر پہلی مرتبہ میڈیکل جرنل کے اجراء کا فیصلہ اُن کی پیشہ وارانہ قابلیت اور گہری دلچسپی کا اظہار ہے، جس کے نرسنگ ایجوکیشن پر بہت گہرے اثرات مرتب ہوں گے کیونکہ تحقیق اور تعلیم کا چولی دامن کا ساتھ ہے اور بالخصوص میڈیکل کے شعبے میں ریسرچ کی اہمیت کو کسی طور بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور نرسز کا یہ جرنل اس سلسلے میں انتہائی اہم کردار کرے گا۔

کنٹرولر نرسنگ پنجاب ساجدہ ظہور کا کہنا تھا کہ لاہور جنرل ہسپتال کے نرسنگ سکول سے گزشتہ 58 برسوں کے دوران فارغ التحصیل ہونے والی نرسیں اعلیٰ انتظامی و درس و تدریس سے وابستہ ہونے کے علاوہ بیرون ملک بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں اور ملک کا نام روشن کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے نرسنگ کمیونٹی ڈپلومہ تک محدود تھی اب وہ پوسٹ آر این ایم ایس سی اور پی ایچ ڈی حاصل کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں گنواتیں۔

ڈی جی این اور کنٹرولر نرسنگ پنجاب نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نرسیں دکھی انسانیت کی خدمت کا فریضہ سرانجام دینے کے علاوہ مریضوں میں جینے کی امنگ پیدا کرتی ہیں جس سے وہ دنیا کے علاوہ اپنی آخرت کو بھی سنوارتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب پاکستان کی تعلیم یافتہ نرسیں دنیا بھر میں اپنا پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا سکہ منوائیں گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ رسالہ باقاعدگی سے شائع ہوا کرے گا اور آن لائن بھی دستیاب ہوگا تا کہ پاکستان بھر میں دور دراز ہسپتالوں، نرسنگ کے تعلیمی اداروں اور ہیلتھ سینٹر پر فرائض سرانجام دینے والی نرسز کو اس میگزین تک دسترس حاصل ہو سکے۔

☆☆☆☆